Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲ ربیع الثانی ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۲ نومبر ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ ڈاکٹر عبد الحکیم خان صاحب و کپتان منظور محمود صاحب	۱
۲	علما و رئیسانہ عقب ہائے عہدہ فوجی	۲
۳	عہدہ فوجی شفیع احمد صاحب و عبد العلی خان صاحب	"
۴	بابت وکالت گزشت	"
۵	رخصت دیبی پرشاد اہلمد خزانہ	"
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	"

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۴ نومبر ۱۹۲۳ء

بنظر مناسب

حسکم ہوا کہ

ڈاکٹر عبد الحکیم خان اور کپتان منظور محمود کی تنخواہ میں مبلغ پچاس پچاس روپیہ ماہوار اضافہ یکم نومبر ۱۹۲۳ء سے کیا جاوے۔ ان دونوں کے اضافہ کا وعدہ ہو چکا تھا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۷ر نومبر ۱۹۲۳ء

انتظام جدید متعلق افواج ریاست ہذا عنقریب عمل میں آنے والا ہے۔ اسکے سلسلہ میں منصلۂ ذیل ہیڈکوارٹرز اسٹاف قایم کیا جاتا ہے۔

(۱) برگیڈ کمانڈر۔ جسکا رینک کرنل کمانڈانٹ ہوگا۔ اور جو کل زمرہ ہائے فوج پر کمانڈ کریگا۔

(۲) برگیڈ میجر۔ جسکا رینک میجر ہوگا۔ اور جو ماتحتی برگیڈ کمانڈر جملہ خدمات متعلق دفتر فوجی انجام دیگا۔

کرنل محمد علی خان بہادر کو کرنل کمانڈانٹ کا رینک عطا کیا جاتا ہے۔ اور آیندہ وہ کرنل کمانڈانٹ محمد علی خان بہادر برگیڈ کمانڈر کے نام سے موسوم ہونگے۔ لفٹننٹ عطاء الرحمن کو میجر کا رینک عطا کیا جاتا ہے۔ اور وہ آیندہ میجر عطاء الرحمن برگیڈ میجر کے نام سے موسوم ہونگے اور تین سو روپیہ ماہوار تنخواہ پاینگے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور یہ روبکار درج گزٹ کیا جاے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۹ر نومبر ۱۹۲۳ء

عہدۂ میر منشی محکمۂ دارالانشاء کے واسطے خاص ہے۔ اجلاس ہمایون کے اہلکار پیشی کو حسب دستور قدیم سررشتہ دار صدر کے لقب سے موسوم کیا جاتا ہے۔

(۱) منشی بانکے بہاری لال میر منشی دارالانشاء رہین گے۔

(۲) چونکہ میجر عطاء الرحمن کا تبادلہ صیغۂ فوج میں ہوگیا۔ منشی شفیع احمد سررشتہ دار صدر اور منشی رشید علی خان اسسٹنٹ سررشتہ دار صدر مقرر کئے جاتے ہین منشی بانکے لال بدستور نائب سررشتہ دار صدر رہین گے۔

حکم ہوا کہ

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ روبکار درج گزٹ کیا جاے۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۲۵ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

بنظر مصالح انتظامی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کوئی دکان کسی قسم کا گوشت فروخت کرنے کے لئے باستثناء دکانات مندرجہ نقشہ شہر مین کسی جدید جگہ پر تاوقتیکہ ہرگز قائم کیجائے جبتک کہ اجلاس ہذا سے حسب قاعدہ حکم منظوری حاصل نہ کر لیا جاے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بترسیل روبکار ہذا خدمت مین میونسپل افسر صاحب کے لکھا جاے کہ حکم ہذا سے جملہ قصابان و نیز قصابان شہر کو اطلاع دیجاے اور ایک نقل اس روبکار کی فائل بک اجلاس مین چسپان کیجاے اور ایک نقل براے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ر نومبر ۱۹۲۳ء

حسب سفارش دیوان صاحب صدر دیبی پرشاد اہلمد خزانہ کی بسلسلہ سابق ایک ماہ کی رخصت منظور کی گئی۔ منوہر لال معاون ذمہ داری کے ساتھ دیبی پرشاد کا کام انجام دینگے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۲۳ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۷۰ ۱ار		۱۰ ۱ار		۴ ۱ار	
نخود خالص		۱۴ ۰ ۱ار		۱۶ ۱ار		۱۶ ۱ار	
نخود کسر آمیز		۱۶ ۱ار		۲۰ ۱ار		۱۷ ۱ار	
کسر		۱۶ ۱ار		۲۱ ۱ار		۱۸ ۱ار	
ماش	۰	۸ ۱ار		۰		۷ ۱ار	
نخود ...ب				۰		۶ ۱ار	
مکا				۱۴ ۰ ۱ار		۱۶ ۱ار	
جئی				۱۶ ۱ار		۱۲ ۱ار	
...جئی						۱۲ ۱ار	
...شس		۰		۰		۱۳ ۱ار	
ارہر		۰		۰		۱۲ ۱ار	
برنج		۱۲ ۱ار		۹ ۱ار		۱۰۶ ۱ار	
روغن زرد		۱ ۱ار		۱۰ ۱ار		۱۰ ۱ار	
روغن سیاه		۷ ۱ار		۱۰ ۱ار		۱۰۷ ۱ار	
روغن کنجد		۱ ۱ار		۹ ۱ار	۰	۱ ۱ار	
نمک سانبھر		۷ ۱ار		۷ ۱ار		۷ ۱ار	
نمک لاہوری		۶ ۱ار		۵ ۱ار		۷ ۱ار	
قند سیاه		۳ ۱ار		۴ ۱ار		۵ ۱ار	
باجرہ		۰		۰		۱۰ ۱ار	